شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

12جون2023ء

پریس ریلیز

معدنی دولت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے ملکی معیشت مضبوط کی جائے

تاکہ سودی قرضوں کی دلدل سے نکلا جاسکے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): معدنی دولت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے ملکی معیشت مضبوط کی جائے تاکہ سودی قرضوں کی دلدل سے نکلا جاسکے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے سرزمین پاکستان کو بیش بہا دھاتی اور غیر دھاتی معدنی وسائل سے نوازا ہے۔ جن میں معدنی تیل و قدرتی گیس، کوئلہ، کچا لوہا، سونا، چاندی، تانبا، نمک، قیمتی پتھر اور تعمیراتی و آرائشی پتھر کے بڑے بڑے ذخائر شامل ہیں۔ ملک میں خالص نمک کی مختلف اقسام کے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر موجود ہیں لیکن افسوس کہ گزشتہ پون صدی کے دوران حکمرانوں کی نااہلی اور بددیانتی کے باعث اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ ان نعمتوں سے قیمتی زرِمبادلہ حاصل کر کے معیشت کو مضبوط بنانے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ حال ہی میں ایک امریکی کمپنی کے اعلیٰ عہدیداروں نے پاکستانی سفیر سے ملاقات کے دوران ہمالیائی نمک (Pink Salt) کی کان کنی، پروسیسنگ، امریکہ برآمد اور اپنے برینڈ کے ساتھ فروخت کے حوالے سے 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں پائے جانے والے Pink Salt کی دنیا میں تقریباً 14 ارب ڈالر سالانہ کی مارکیٹ ہے جبکہ پاکستان قدرت کی جانب سے عطا کردہ اس انمول تحفہ کی برآمد سے صرف 70 ملین ڈالر سالانہ حاصل کر پاتا ہے۔ بھارت اور مشرقِ وسطی کے بعض ممالک کی کمپنیاں کوڑیوں کے بھاؤ کھیوڑا کی کانوں سے نکلا خالص نمک حاصل کر کے اپنے برینڈ کے ساتھ دنیا بھر میں فروخت کر کے اور اربوں ڈالر کما رہی ہیں۔ اُنہوں نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا کہ تمام بین الاقوامی کمپنیوں کے ساتھ پاکستان میں نمک اور دیگر معدنیات کی کان کنی، پروسیسنگ، پیکجنگ، برآمد و فروخت کے معاہدات کو پارلیمان میں زیر بحث لایا جائے۔ پھر یہ کہ حکومتِ پاکستان شفافیت کے ساتھ ملکی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے معاہدے کرے جس سے پاکستان کو قیمتی زرِمبادلہ بھی حاصل ہو، ملک میں کان کنی کی صنعت بھی ترقی کرے اور ٹیکنالوجی و مہارت کی پاکستان منتقلی کو بھی یقینی بنایا جاسکے۔ ملکی سطح پر Pink Salt کی برینڈنگ کے لیے مقامی سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ معدنیات و دیگر قدرتی وسائل کو ملکی معیشت کی بحالی اور سودی قرضوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے استعمال میں لایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 13 June, 2023

"Mineral resources should be harvested to strengthen the country's economy so that it may be rescued from the mire of riba-based loans."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Mineral resources should be harvested to strengthen the country's economy so that it may be rescued from the mire of riba-based loans. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that Allah *SWT* has blessed the land of Pakistan with abundant metallic and non-metallic mineral resources. These include vast deposits of mineral oil, natural gas, coal, iron ore, gold, silver, copper, salt, precious stones, as well as constructive and decorative stones. The country contains the largest reserves of different types of pure salt, but unfortunately, over the past seventy-five years, due to the incompetency and dishonesty of leaders, no efforts have been made to strengthen the economy by obtaining valuable exchange through these blessings granted by Allah *SWT*. Recently, top executives of an American company, during their meeting with the Pakistani ambassador, showed interest in investing 200 million dollars for the mining, processing and subsequent shipping to the US of Himalayan salt (pink salt), in order to sell it under their own brand. The fact of the matter is that the same pink salt which Pakistan has in such abundance, has a global market of almost 14 billion dollars per year, whereas Pakistan is only able to generate 70 million dollars yearly from this nature's prized treasure. Indian and some Middle-Eastern companies are generating billions of dollars in revenue by selling pure salt mined in the Khewra Mines, under their own brand, after purchasing it from locals for measly sums. He demanded that the government reassess through Parliament all contracts with international companies which involve the mining, processing, packaging, export and sale of salt and other minerals in Pakistan. Following this, the government should maintain transparency and with a vision for the betterment of Pakistan, enter into contracts which may afford Pakistan valuable foreign exchange, develop the country's mining industry, and ensure a transfer of technology and expertise to Pakistan. Local investors should be encouraged at the national level for the branding of pink salt in Pakistan, so that minerals alongside other natural resources may be utilized in order to relieve the country's economy and rid the country of its riba-based loans.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan